ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس:۔ فون:۔ 021-99212639

آئی جی سندھ کی زیر صدارت وڈیو لنک اجلاس۔

حیدرآباد رینج میں محرم الحرام سال 2021ء سیکورٹی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔

کراچی 11 اگست 2021ء:۔

آئی جی سندھ کی زیر صدارت وڈیو لنک اجلاس میں حیدرآباد رینج میں امن وامان کی موجودہ صورتحال سمیت محرم سال 2021ء کے موقع پر حفاظتی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور مزید ضروری ہدایات دی گئیں۔

اجلاس میں ڈی آئی جی حیدرآباد، ضلعی ایس ایس پیز نے ذریعہ وڈیو لنک جبکہ ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ، اے آئی جی آپریشنز سندھ، اے آئی جی ایڈمن نے براہِ راست شرکت کی۔ وڈیو لنک اجلاس میں حیدرآباد کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے علماء/ذاکرین، پروفیسر نواز علی بھٹو، مرزا صدیق بیگ محبوب علی نامدار، ڈاکٹر برکت حسین لغاری، علی محمد شاکر، علامہ اعجاز شریعتی، مولانا مرید حسین مری، مولانا مقبول محسنی، مجب علی بھٹو، فرحان پنہانی، عبدالغفور شاہ سید نادر علی شاہ، محمد شریف خواجہ، ارشاد علی کابری، ڈاکٹر سید عبدالحسین شاہ، شبیر شاہ، سید جاوید شاہ حسینی، مظفر لغاری، مختار دایو، سید فدا حسین شاہ کاظمی، سید منظور علی شاہ اور سید اظہر علی شاہ نے بھی بالخصوص شرکت کی۔

آئی جی سندھ نے کہا کہ محرم الحرام سال 2021ء کے کنٹی جنسی پلان پر عمل درآمدی اقدامات میں متعلقہ تمام اسٹیک ہولڈرز، رینجرز سندھ اور قانون نافذ کرنے والے دیگر تمام اداروں سے مربوط روابط اور انکی تجاویز اور مشاورت پر خصوصی فوکس رکھا جائے۔

آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ مجالس اور جلوسوں کے دوران کورنا وائرس (کووڈ-19) کی وباء کی روک تھام کے سلسلے میں حکومت سندھ کی جانب سے وضع کردہ احتیاطی تدابیر/ایس او پیز پر عمل درآمد کو انتہائی مؤثر اور یقینی بنایا جائے۔

انہوں نے ڈی آئی جی حیدرآباد کو ہدایات دیں کہ کسی بھی ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور فوری پولیس ریسپانس کے لیئے افسران اور جوانوں کو ہمہ وقت تیار اور مستعد رکھا جائے۔

علماء/ذاکرین پر مشتمل وفد نے محرم سیکورٹی امور واقدامات پر اپنے متفقہ اعتماد کا اظہار کیا اور پولیس کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔